بلوچستان کا مقبول روزنامہ
Daily SABA-QTA
روزنامہ صباء کوئٹہ
ایڈیٹر غضنفر علی
Phone: 081-4170013
Email: saba6097595@gmail.com
ABC CERTIFIED
جلد نمبر 22 | منگل 11 اگست 2026 | 27 صفر المظفر 1448ھ | قیمت 8 روپے | شمارہ نمبر 154

مکہ معاہدے کا مقصد قطعی جارحیت نہیں ہے خطے میں امن سلامتی خوشحالی کیلئے ہے
شہباز شریف

پاکستان اور ترکیہ کے درمیان دہائیوں پر محیط تعاون موجود ہے، حرمین شریفین کے تحفظ کی ذمہ داری پاکستان کے عوام اور افواج کے لیے اہم فریضہ ہے، آزاد کشمیر کے انتخابی نتائج قائد مسلم لیگ ن نواز شریف پر عوام کے اعتماد کا مظہر ہیں

بعض عناصر نے آزاد کشمیر کے حالات جان بوجھ کر خراب کرنے کی کوشش کی، مسائل کا حل بات چیت کے ذریعے نکالا جاتا ہے، لاقانونیت اور انارکی کی اجازت نہیں دیں گے، پیشکش کی تھی کہ نئی اسمبلی میں مقدمہ لے کر جائیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ مکہ معاہدے کا مقصد قطعی جارحیت نہیں ہے، یہ معاہدہ تینوں ملکوں کے درمیان خطے میں امن، سلامتی، خوشحالی کیلئے ہے، پاکستان اور ترکیہ کے درمیان دہائیوں پر محیط تعاون موجود ہے، حرمین

بقیہ 28 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

سٹیٹ بینک کی ششماہی زری پالیسی رپورٹ جاری، معاشی نمو 5.4 فیصد تک رہنے کی پیشگوئی

کراچی (این این آئی) سٹیٹ بینک آف پاکستان

بقیہ 30 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسحاق ڈار کا کویتی ہم منصب سے ٹیلیفونک رابطہ، علاقائی صورتحال اور دوطرفہ تعلقات پر تبادلہ خیال

کویتی وزیر خارجہ کی پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر اسحاق ڈار کو مبارکباد، تعاون اور سرمایہ کاری بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کویتی وزیر خارجہ شیخ جراح جابر الصباح سے ٹیلیفونک رابطہ کیا جس میں دونوں

بقیہ 29 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ اورنگزیب امریکی قائم مقام سفیر نیٹلی بیکر سے ملاقات کر رہے ہیں

وزیر خزانہ سے امریکی ناظم الامور نٹالی بیکر کی ملاقات، دوطرفہ اقتصادی تعاون اور سرمایہ کاری پر تبادلہ خیال

اقتصادی استحکام و پائیدار ترقی کے لیے طویل مدتی فنانسنگ کے ذرائع تک رسائی پر توجہ دے رہی ہے، وزیر خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب سے پاکستان میں امریکی ناظم الامور نٹالی بیکر نے وزارت خزانہ میں ملاقات کی جس میں پاکستان اور امریکہ کے درمیان اقتصادی تعلقات، دوطرفہ تجارت، سرمایہ کاری اور مالیاتی تعاون کو مزید

بقیہ 1 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

عمران خان کی صحت اور رہائی کے معاملے پر پاکستان تحریک انصاف کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں
محمود خان اچکزئی

نئے چیف الیکشن کمشنر کی تقرری کے آئینی ضابطہ کار پر عمل اور آئینی پراسیس کے آغاز کیلئے وزیراعظم کو باقاعدہ خط لکھ دیا ہے، محمود اچکزئی

بانی پی ٹی آئی کی ہمشیرگان کو فوری طور پر ملاقات کی اجازت اور ان کے ذاتی معالجین کو بھی ان تک رسائی فراہم کی جائے، مطالبہ

اسلام آباد (آن لائن) تحریک تحفظ آئین پاکستان نے چیف الیکشن کمشنر اور ممبران الیکشن کمیشن کی جلد از جلد تعیناتی کے لیے حکومت سے فوری اقدامات اٹھانے کا مطالبہ کیا ہے۔ سوموار کو تحریک تحفظ آئین پاکستان کا اعلیٰ سطحی اجلاس محمود خان اچکزئی کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں علامہ ناصر عباس جعفری، سلمان اکرم راجہ، سیکرٹری جنرل پاکستان تحریک انصاف، اور سابق سینیٹر مصطفیٰ نواز کھوکھر، حسین احمد یوسفزئی اور خالد یوسف چوہدری نے شرکت کی۔ اجلاس میں ملکی سیاسی و آئینی صورتحال سمیت اہم قومی امور

بقیہ 31 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پنجگور سیکیورٹی فورسز کا انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن 5 دہشت گرد ہلاک

آپریشن کے دوران دہشتگردوں کے قبضے سے 4 موٹر سائیکلیں، مشین گنز، بھاری اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا

ہلاک دہشت گرد پنجگور میں مقامی تاجروں اور دیگر شہریوں سے لوٹ مار، بھتہ خوری، اغوا اور دہشت گردانہ کارروائیوں میں ملوث تھے

پنجگور (یو این اے) سیکیورٹی فورسز کی آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف موثر کارروائیاں جاری ہیں۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق پنجگور کے علاقے سرکیتی اور چھیدگی میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کی موجودگی کی خفیہ اطلاع پر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا گیا۔ کامیاب کارروائی کے دوران فتنہ الہندوستان کے اہم سرغنہ وزیر ولد جمال سمیت 5 دہشت گرد

بقیہ 32 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف، وفاقی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ملک کی ترقی میں ہر پاکستانی کا کردار یکساں طور پر اہم ہے
آصف علی زرداری

پاکستان کے عوام اپنے مذہبی، ثقافتی اور روایتی اختلافات کو پس پشت ڈالتے ہوئے ایک قومی پرچم تلے متحد ہیں، میرا یقین ہے مذہب یا عقیدے سے قطع نظر، ہر شہری کو ریاست کے سامنے مساوی حیثیت حاصل ہونی چاہیے، صدر مملکت کا پیغام

اس وژن کو 1973ء کے آئین میں شامل کیا گیا، جو ہمارے قومی رہنماؤں نے شہید ذوالفقار علی بھٹو کی قیادت میں تشکیل دیا۔ ہماری مذہبی اقلیتوں نے جنگوں اور تنازعات، صحت، تعلیم اور زندگی کے دیگر شعبوں میں نمایاں خدمات انجام دی ہیں

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ پاکستان کے عوام اپنے مذہبی، ثقافتی اور روایتی اختلافات کو پس پشت ڈالتے ہوئے ایک قومی پرچم تلے متحد ہیں، میرا یقین ہے کہ مذہب یا عقیدے سے قطع نظر، ہر شہری کو ریاست کے سامنے مساوی حیثیت حاصل ہونی چاہیے۔ اپنے پیغام میں صدر مملکت نے کہا کہ اقلیتوں کے قومی دن کے موقع پر میں تمام پاکستانیوں، بالخصوص ہمارے قومی و مذہبی اقلیتی برادریوں سے تعلق رکھنے والے پاکستانیوں کو دلی مبارک باد کا پیغام دیتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ آج سے اناسی برس قبل اسی روز بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح نے پاکستان کی پہلی دستور ساز اسمبلی سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان کے مستقبل کے حوالے سے اپنا وژن واضح کیا تھا۔ قائداعظم کے الفاظ آج بھی ہماری ریاست کی روح اور اساس کے حوالے سے ہماری رہنمائی کرتے ہیں، ہماری

بقیہ 33 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پاکستان کی تعمیر و ترقی میں اقلیتی برادریوں کا کردار ناقابلِ فراموش ہے، یوسف رضا گیلانی

ریاست کی ذمہ داری ہے کہ ہر شہری کے وقار، تحفظ، مساوی حقوق اور ترقی کے یکساں مواقع کو یقینی بنائے، چیئرمین سینیٹ

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ پاکستان کی تعمیر و ترقی میں اقلیتی برادریوں کا کردار ناقابلِ فراموش ہے، اقلیتیں ملکی معاشرتی ڈھانچے اور قومی شناخت کا اہم حصہ ہیں، ریاست کی ذمہ داری ہے کہ ہر شہری

بقیہ 2 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

افغانستان، بھارت گٹھ جوڑ: پاکستان کیخلاف بھارتی ڈرون ٹیکنالوجی بھی ناکام

جون سے جولائی 2026 کے دوران خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں 9 ڈرون حملے کیے گئے، رپورٹ

کابل (آن لائن) پاکستان کے خلاف افغان طالبان کی جانب سے ڈرون حملوں میں بھارت کی فراہم کردہ ٹیکنالوجی کے استعمال اور اس کی ناکامی سے متعلق ایک تحقیقاتی رپورٹ سامنے آئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق افغانستان افغان طالبان

بقیہ 35 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پختونخوا کی ایک تحصیل تو کیا، ایک ویلج کونسل بھی کوئی ہم سے جدا نہیں کرسکتا، ایمل ولی خان

اے این پی ایسے کسی بھی عمل کی نہ صرف مخالفت بلکہ بھرپور مزاحمت کرے گی، یہ عناصر پاکستان توڑنے کی ذمہ داری سے بری الذمہ نہیں ہوسکیں گے، بیان جاری

پشاور (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے سربراہ ایمل ولی خان نے کہا ہے کہ پختونخوا کو تقسیم کرنے کا خواب دیکھنے والے احمقوں کی جنت میں رہ رہے ہیں۔ پختونخوا اور پختونوں کی شناخت کے حوالے سے عوامی نیشنل پارٹی کا موقف بالکل واضح ہے خبردار

بقیہ 36 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

برابر تعداد کے ججز پر مشتمل بنچ سابق فیصلے سے انحراف نہیں کرسکتا، سپریم کورٹ

کسی قانونی نکتے پر مختلف رائے کی صورت میں معاملہ چیف جسٹس کے ذریعے بڑے بنچ کو بھجوایا جائے گا، عدالت

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے قرار دیا ہے کہ ایک ہی تعداد کے ججز پر مشتمل بعد کا بنچ پہلے کے ہم مرتبہ بنچ کے فیصلے کا پابند ہوتا ہے، کسی قانونی نکتے پر مختلف رائے کی صورت میں معاملہ چیف جسٹس کے ذریعے بڑے بنچ کو بھجوایا جائے گا۔

بقیہ 37 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ججز سمری پر دستخط نہ کرنے کا معاملہ، صدر سے مذاکرات کا ٹاسک اسپیکر قومی اسمبلی کے سپرد

وزیر قانون کی اسپیکر قومی اسمبلی سے ملاقات، ججز تعیناتی سے متعلق جوڈیشل کمیشن کے فیصلے اور بعد کی صورتحال پر مشاورت

اسلام آباد (این این آئی) ججز کی سمری پر دستخط نہ کرنے ... دیا۔ تفصیلات کے مطابق وزیر قانون و انصاف اعظم

بقیہ 27 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وزیر قانون کی زیر صدارت بیرا سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس، نئے قانونی اور ریگولیٹری فریم ورک کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قانون، انصاف و انسانی حقوق سینیٹر اعظم نذیر تارڑ کی زیر

بقیہ 3 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد ہائیکورٹ، ججز کی سمری منظوری نہ ہونے پر وزیراعظم کو نوٹس

اسلام آباد (یو این اے) اسلام آباد ہائیکورٹ نے نئے ججز کی تعیناتی سے متعلق سمری کی منظوری نہ ہونے کے تنازع پر صدر اور وزیراعظم کو سیکرٹریز کے ذریعے کل کیلئے نوٹس جاری کر دیے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری کی جانب سے سمری منظوری نہ ہونے کے خلاف درخواست پر نوٹس جاری کیے گئے،

بقیہ 4 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، سیکیورٹی وجوہات کی بنا پر جعفر ایکسپریس 11 سے 14 اگست تک معطل رکھنے کا فیصلہ

مسافروں، عملے اور تنصیبات کے تحفظ کے لیے چار روز تک ٹرین سروس منسوخ کردی گئی ہے، ذرائع

کوئٹہ (یو این اے) ریلوے ذرائع کے مطابق سیکیورٹی وجوہات کے باعث جعفر ایکسپریس کی آمد و روانی ... دوران جعفر ایکسپریس نہ کوئٹہ سے راولپنڈی کے لیے روانہ ہوگی اور نہ ہی پشاور سے کوئٹہ کے لیے ٹرین

بقیہ 34 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ سمیت بلوچستان میں موبائل انٹرنیٹ سروس متاثر

سروس متاثر ہونے سے طلباء، تاجروں، کاروباری افراد، سرکاری و نجی اداروں سے وابستہ افراد سمیت عام شہری شدید پریشانی میں مبتلا

کوئٹہ (اے این این) کوئٹہ سمیت بلوچستان کے مختلف اضلاع میں دوسرے روز موبائل انٹرنیٹ سروس کی بندش ہونے کے باعث شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے۔ موبائل انٹرنیٹ سروس متاثر ہونے سے طلباء، تاجروں، کاروباری افراد، سرکاری و نجی اداروں سے وابستہ افراد سمیت عام شہری شدید پریشانی میں مبتلا ہوگئے ہیں۔ مواصلاتی نظام متاثر ہونے کے باعث شہریوں کو ایک دوسرے سے رابطے میں دشواری پیش آرہی ہے، جبکہ آن لائن کاروبار

بقیہ 5 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

بلوچستان کے عوام کو درپیش مسائل کا حل حکومت کی ذمہ داری ہے، وزیر صحت

بلوچستان کی ترقی، عوامی مسائل کا حل اور پائیدار امن حکومت کی اولین ترجیحات ہیں، اس سلسلے میں تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں

حکومت صوبے کے تمام علاقوں اور عوام کو یکساں اہمیت دیتے ہوئے بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ترقیاتی عمل کو آگے بڑھانے کے لیے پرعزم ہے

... صحت سمیت بنیادی سہولیات کی فراہمی اور صوبے میں پائیدار امن کا قیام صوبائی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبائی حکومت عوامی فلاح و بہبود اور صوبے کی مجموعی ترقی کے لیے عملی اقدامات اٹھا رہی ہے۔ مختلف وفود سے بات چیت کرتے

بقیہ 6 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

شیخ عبدالعزیز نے اپنی پوری زندگی کشمیر کاز کیلئے وقف کر دی تھی، حریت کانفرنس

کشمیریوں کو ڈرانے دھمکانے کیلئے شیخ عبدالعزیز اور دیگر حریت رہنماؤں کو مختلف ہتھکنڈوں سے شہید کیا گیا

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر میں کل جماعتی حریت کانفرنس نے ممتاز کشمیری رہنما، شہید عظمت شیخ عبدالعزیز کو ان کے 18 ویں یوم شہادت پر زبردست خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق

بقیہ 38 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ایرانی عوام دشمن کو گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کر رہے ہیں، باقر قالیباف

رہبر اعلیٰ کی قیادت میں عوامی، فوجی، سفارتی میدان میں ملی اتحاد و یکجہتی موجود ہے، بیان

تہران (این این آئی) ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف نے اعلیٰ سلامتی کونسل میں شمولیت پر جنرل محسن رضائی کو مبارک باد دی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق باقر قالیباف نے کہا کہ محسن رضائی کی ایرانی سلامتی کونسل میں شمولیت

بقیہ 7 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ملک گیر گڈز ٹرانسپورٹرز ہڑتال، پاکستان ٹیکسٹائل کونسل کی وزیراعظم سے فوری مداخلت کی اپیل

ٹرانسپورٹرز کی ہڑتال سے ٹیکسٹائل اور ملبوسات کی صنعت کی سپلائی چین متاثر ہو رہی ہے، پی ٹی سی کا شہباز شریف کو خط

اسلام آباد (این این آئی) گڈز ٹرانسپورٹرز کی ملک گیر ہڑتال کے معاملے پر پاکستان ٹیکسٹائل کونسل (پی ٹی سی) نے وزیراعظم محمد شہباز شریف سے فوری مداخلت کی اپیل کردی۔ پاکستان ٹیکسٹائل کونسل کے چیئرمین فواد انور نے وزیراعظم محمد شہباز شریف کو خط

بقیہ 8 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

صوبے میں پائیدار امن کا قیام حکومت کی اولین ترجیح ہے
وزیراعلیٰ بلوچستان

حکومت تمام سیاسی و جمہوری قوتوں کو ساتھ لے کر صوبے کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کے لیے مؤثر اقدامات جاری رکھے گی، سرفراز بگٹی

ملاقاتوں میں صوبے کی بہتری، عوامی مسائل کے حل اور ترقیاتی عمل کو مزید مؤثر بنانے کے لیے باہمی تعاون اور رابطہ کاری کو فروغ دینے پر بھی اتفاق کیا گیا

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پیر کے روز یہاں صوبائی وزراء، اراکین صوبائی اسمبلی، سیاسی رہنماؤں اور دیگر اہم شخصیات نے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کیں۔ ملاقات کرنے والوں میں صوبائی وزراء میر ضیاء اللہ لانگو، میر عاصم کرد گیلو اور نوابزادہ میر طارق مگسی، قائد حزب اختلاف میر یونس عزیز زہری، اراکین صوبائی اسمبلی میر زابد ریکی، رحمت صالح بلوچ اور ڈاکٹر محمد نواز کبزئی، پارلیمانی سیکرٹری میر عبدالصمد گورگیج اور اصغر ترین، پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر سردار عمر گورگیج، جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر مولانا عبدالواسع، جرمنی کے اعزازی قونصل میر مراد بلوچ، سابق ضلع ناظم سبی میر حیر یار خان ڈومکی شامل تھے۔ ملاقاتوں کے دوران صوبے کی مجموعی سیاسی و

بقیہ 39 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق یورپی پارلیمنٹ کے رکن مسٹر اوندریج ڈوستال سے ملاقات کر رہے ہیں

اسحاق ڈار سے آذربائیجان کے سفیر خضر فرہادوف کی الوداعی ملاقات، سفیر کے مستقبل کے منصب کیلئے نیک خواہشات کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے پاکستان میں آذربائیجان

بقیہ 11 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ایران پر ٹینکر کو میزائل سے نشانہ بنانے کا الزام، آبنائے ہرمز میں کشیدگی پھر بڑھ گئی

ایرانی حملے میں عمانی ساحل کے قریب آبنائے ہرمز کے جنوبی بحری راستے سے گزرنے والے آئل ٹینکر کو نشانہ بنایا گیا، ذرائع

مسقط/تہران (این این آئی) آبنائے ہرمز میں عمان کے قریب ایک آئل ٹینکر کو میزائل حملوں کا نشانہ بنائے جانے اور جہاز میں آگ لگنے کی غیر مصدقہ اطلاعات سامنے آئی ہیں، تاہم تاحال کسی معتبر سرکاری ادارے نے اس واقعے کی باضابطہ تصدیق

بقیہ 10 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ایرانی سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای کا جلد پہلی بار عوام کے سامنے آنے کا امکان

تہران (این این آئی) ایران کے نئے سپریم لیڈر آیت اللہ مجتبیٰ خامنہ ای جلد پہلی بار عوام کے سامنے آسکتے ہیں۔ ایرانی حکام کے مطابق مجتبیٰ خامنہ ای کی عوام کے درمیان موجودگی، سڑکوں پر آمد اور مسلح افواج کے کمانڈروں سے ملاقاتوں کی ویڈیوز آئندہ جاری کی جائیں گی۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق ایرانی پاسداران انقلاب سے منسلک تنظیم کے نائب سربراہ قاسم قریشی نے تصدیق کی کہ نئے سپریم لیڈر

بقیہ 9 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

اسلام آباد، وفاقی وزیر رانا تنویر حسین روسی نمائندے نکیتا یوزانوف سے ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان پولیس نے صوبے میں امن کے قیام کیلئے بے شمار قربانیاں دی ہیں
آئی جی بلوچستان

آئی جی بلوچستان محمد طاہر کا سریاب تھانہ، نیو سریاب تھانہ، پی ٹی سی سینٹر، قاسم لائن اور اے ٹی ایف کمپلیکس کا تفصیلی دورہ، جرائم کی روک تھام، موثر گشت اور حساس علاقوں کی نگرانی مزید سخت کی جائے

شہر کے مختلف علاقوں میں جرائم کی روک تھام کے لیے پولیس گشت اور نگرانی کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جائے جبکہ حساس اور اہم مقامات پر سیکیورٹی انتظامات کا باقاعدگی سے جائزہ لیا جائے

کوئٹہ (یو این اے) انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان محمد طاہر نے ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس کوئٹہ عمران شوکت اور ایس ایس پی آپریشنز ضیاء الحق مندوخیل کے ہمراہ کوئٹہ کے مختلف اہم پولیس مراکز، تھانوں اور حساس مقامات کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے دوران آئی جی بلوچستان نے سریاب تھانہ، نیو سریاب تھانہ، پولیس ٹریننگ کالج (پی ٹی سی) سینٹر، قاسم لائن، اے ٹی ایف کمپلیکس

بقیہ 15 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ 218 لیویز اہلکاروں کو بلوچستان کانسٹیبلری کے سی پیک ونگ میں رپورٹ کرنے کا حکم

پانچ روز کے اندر آمد یقینی نہ بنانے والوں کے خلاف برخاستگی سمیت سخت محکمانہ کارروائی ہوگی، بلوچستان کانسٹیبلری

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کانسٹیبلری کی جانب سے 218 لیویز اہلکاروں کو سی پیک ونگ میں اپنی آمد یقینی بنانے کے احکامات جاری کر دیے گئے ہیں۔ بلوچستان کانسٹیبلری کے جاری کردہ بیان کے مطابق حکام بالا کی ہدایات کی روشنی میں مختلف

بقیہ 16 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

سپریم کورٹ کا پرانے ٹیکس کیسز میں نئے جرمانوں پر اہم فیصلہ جاری

واضح قانونی اختیار کے بغیر پرانے کیسز پر نیا جرمانہ نہیں لگ سکتا، پرانے مکمل شدہ ٹیکس معاملات دوبارہ ذمہ داری کا ذریعہ نہیں ہوسکتے، فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے پرانے ٹیکس کیسز میں نئے جرمانوں پر اہم فیصلہ جاری کر دیا۔ سپریم کورٹ کے 5 رکنی لارجر بینچ نے ٹیکس قوانین پر فیصلہ جاری کیا، جسٹس عقیل احمد عباسی نے فیصلہ تحریر کیا۔ عدالتی فیصلے میں کہا گیا کہ ماضی کے

بقیہ 17 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

سیاسی بے یقینی، جمہوری بحران، معاشی مشکلات اور قومی حقوق کے اہم سوالات سے دوچار ہے، رحمت بلوچ

ایسے وقت میں میر غوث بخش بزنجو کی سیاسی بصیرت، جمہوری فکر اور اصولی سیاست ہمارے لیے پہلے سے کہیں زیادہ اہمیت رکھتی ہے

کوئٹہ (اے این این) نیشنل پارٹی کے رکن صوبائی اسمبلی میر رحمت صالح بلوچ نے کہا ہے کہ سیاسی بے یقینی، جمہوری بحران، معاشی مشکلات اور قومی حقوق کے اہم سوالات سے دوچار ہے۔ ایسے وقت میں میر غوث بخش بزنجو کی سیاسی بصیرت، جمہوری فکر اور

بقیہ 18 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

خیبر پختونخوا کے عوام کا مکہ باہمی دفاعی معاہدے کا بھرپور خیر مقدم

پشاور (یو این اے) خیبر پختونخوا کے عوام نے مکہ باہمی دفاعی معاہدے میں کلیدی کردار پر عسکری قیادت کو خراج تحسین پیش کیا۔ خیبر پختونخوا کے عوام نے تاریخی مکہ باہمی دفاعی معاہدے پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان طے پانے والا مکہ باہمی دفاعی معاہدہ ایک اہم قدم ہے، پاکستان ہمیشہ سے تمام اسلامی ممالک کو ایک مضبوط اور متحد بلاک کی شکل

بقیہ 19 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

الیکشن کمیشن نے حلقہ پی بی 09 کوہلو کی نشست خالی قرار دے دی، نواب جنگیز مری کو ڈی نوٹیفائی کر دیا

پیپلز پارٹی کے میر نصیب اللہ مری نے انتخابی نتائج کو چیلنج کیا تھا، الیکشن کمیشن نے سابقہ نوٹیفکیشن کالعدم قرار دے دیا

کوئٹہ/اسلام آباد (یو این اے) حلقہ پی بی 09 کوہلو کی صوبائی اسمبلی کی نشست خالی قرار دے دی گئی، مسلم لیگ ن کے نواب جنگیز خان مری کو الیکشن کمیشن آف پاکستان نے ڈی نوٹیفائی کر دیا۔ الیکشن ٹریبونل III بلوچستان کوئٹہ کے 29 جولائی

بقیہ 12 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

مجتبیٰ خامنہ ای نے باقر ذوالقدر کو سیاسی مشیر مقرر کر دیا

آپ کے قیمتی تجربے کو مدنظر رکھتے ہوئے میں آپ کو اپنا سیاسی مشیر مقرر کرتا ہوں، مجتبیٰ خامنہ ای

تہران (این این آئی) ایرانی سپریم لیڈر آیت اللہ مجتبیٰ خامنہ ای نے محمد باقر ذوالقدر کو اپنا سیاسی مشیر جبکہ ڈاکٹر محسن رضائی کو سپریم نیشنل سکیورٹی کونسل میں اپنا نمائندہ مقرر کر دیا۔ سماجی رابطوں کی ویب سائٹ ایکس پر رہبر اعلیٰ آیت اللہ مجتبیٰ خامنہ ای نے

بقیہ 13 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

تاریخی دفاعی تعاون خطے میں امن، سلامتی اور باہمی تعاون کے نئے عہد کی علامت ہے، مراد علی شاہ

مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ: وزیراعلیٰ سندھ کا اظہار یکجہتی، سی ایم ہاؤس پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے پرچموں سے جگمگا اٹھا

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے مکہ مکرمہ میں پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان ہونے والے مشترکہ دفاعی معاہدے پر اظہار یکجہتی کرتے ہوئے سندھ وزیراعلیٰ ہاؤس کو تینوں برادر ممالک کے قومی پرچموں اور رنگ برنگی روشنیوں سے سجا دیا۔ وزیراعلیٰ سندھ کی خصوصی ہدایت پر سی ایم ہاؤس کی عمارت پر پاکستان، سعودی

بقیہ 14 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ٹرمپ ایران جنگ ہار چکے ہیں: ڈیموکریٹک سینیٹر کرس مرفی

جنگ ختم کرنے اور آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے کے لیے خراب معاہدے کی بھی حمایت کروں گا، گفتگو

واشنگٹن (این این آئی) ڈیموکریٹک سینیٹر کرس مرفی نے کہا ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ ایران کے ساتھ یہ جنگ ہار چکے ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ان کا موقف ہے کہ جنگ جاری رہنے سے واشنگٹن کمزور جبکہ تہران مزید مضبوط ہو رہا ہے۔ کرس مرفی نے بتایا کہ میں جنگ ختم کرنے اور آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے کے لیے ایک خراب

بقیہ 20 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پی ٹی آئی کی ہائیکورٹ کے باہر احتجاج کی کال ناکام، اراکین اسمبلی کے نہ آنے پر سلمان راجہ پھٹ پڑے

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی کی اسلام آباد ہائیکورٹ کے سامنے اراکین اسمبلی کے احتجاج کی کال ناکام ہوگئی۔ گزشتہ رات اجلاس میں تمام پارلیمنٹیرینز کو پیر کو دن بجے اسلام آباد ہائیکورٹ پہنچنے کی ہدایت کی گئی تھی تاہم صرف چھ پارلیمنٹیرینز اسلام آباد ہائیکورٹ پہنچے جن میں علی محمد خان، سینیٹر مشعال خان یوسفزئی، سینیٹر فلک ناز چترالی، شفقت اعوان اور جنید اکبر شامل تھے۔ سلمان اکرم راجہ بھی

بقیہ 23 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

حج 2027 کا پورا عمل ڈیجیٹل، 4 لاکھ رجسٹرڈ عازمین درخواستیں دے سکیں گے

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف نے کہا ہے کہ وزیراعظم کی خصوصی ہدایت پر حج 2027 کے پورے عمل کو اینڈ ٹو اینڈ ڈیجیٹلائز کر دیا گیا ہے، جس کے تحت عازمین گھر بیٹھے پاک حج ایپ اور ڈیجیٹل پورٹل کے ذریعے چند منٹ میں درخواست اور ادائیگی کا عمل مکمل کرسکیں گے۔ اسلام آباد میں نیوز کانفرنس کرتے ہوئے سردار محمد یوسف

بقیہ 21 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ٹریلین ڈالر اکانومی مشن، حکومت کا 12 اگست کو وژن پاکستان 2047 لانچ کرنے کا فیصلہ

وزارت منصوبہ بندی کے اڑان پاکستان پلان کو بھی وژن پاکستان 2047 کے مطابق تشکیل دینے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) ٹریلین ڈالر اکانومی کے ہدف کی جانب اہم پیش رفت کرتے ہوئے حکومت نے 12 اگست کو وژن پاکستان 2047 لانچ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع وزیراعظم آفس کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف وژن پاکستان 2047 پروگرام کا باضابطہ آغاز کریں گے جس کے تحت ملکی معیشت، ترقی اور مستحکم معاشی گروتھ کیلئے

بقیہ 25 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

قائداعظم محمد علی جناح ﷺ نے ہمیں اصولوں کیساتھ زندگی گزارنے کا درس دیا، گورنر سندھ

قائداعظم تعلیم کو خصوصی اہمیت دیتے تھے۔ معلوماتی دورے پر آئے مختلف اسکولوں کی طالبات سے خطاب

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے اسکول کی طالبات کی جانب سے قومی ترانے کی پرجوش اور مترنم انداز میں پیشکش کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کی خوبصورت آواز میں قومی ترانہ سن کر میرا سر فخر سے بلند ہوگیا۔ انہوں نے کہا کہ ان بچیوں کے والدین اور اساتذہ قابل تحسین ہیں، جنہوں نے ان کی تعلیم و تربیت میں اہم کردار ادا کیا۔ انہوں نے

بقیہ 22 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

ملک بھر کے بجلی صارفین پر مزید 23 ارب روپے کا بوجھ منتقل کرنے کی تیاری

صارفین کو جنوری سے مارچ 2026 کی سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی مد میں ریلیف مل رہا ہے

اسلام آباد/لاہور (این این آئی) الیکٹرک سمیت ملک بھر کے بجلی صارفین کے لیے ایک روپے 99 پیسے فی یونٹ کمی کی سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ ریلیف کی مدت رواں ماہ ختم ہو جائے گی جس کے بعد ملک بھر کے لئے اگلے ماہ سے سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ میں بجلی مہنگی ہونے کا خدشہ ہے۔ ذرائع کے مطابق اس وقت ملک بھر کے بجلی صارفین کو

بقیہ 24 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

جولائی میں ترسیلات زر 13 فیصد بڑھ گئیں
وزیراعظم کا اظہار اطمینان

حکومت سمندر پار پاکستانیوں کو سہولیات کی فراہمی اور ان کے مسائل کے حل کیلئے اقدامات جاری رکھے گی، شہباز شریف

جولائی 2026 میں سب سے زیادہ ترسیلات زر سعودی عرب سے موصول ہوئیں، جہاں سے پاکستانیوں نے 1 ارب 9 کروڑ 40 لاکھ ڈالر وطن بھیجے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے اس پر اطمینان اور سمندر پار پاکستانی ورکرز کیلئے تحسین کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت سمندر پار پاکستانیوں کو سہولیات کی فراہمی اور ان کے مسائل کے حل کیلئے اقدامات جاری رکھے گی۔ کراچی سے اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے مطابق جولائی 2026 میں بیرون ملک پاکستانیوں نے مجموعی طور پر 3 ارب 63 کروڑ 10 لاکھ ڈالر کی ترسیلات زر بھیجیں جو ماہانہ بنیادوں پر 5 فیصد جبکہ سالانہ بنیادوں پر 13 فیصد اضافہ ہے

بقیہ 40 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر ضیاء اللہ لانگو ملاقات کر رہے ہیں

پاک ترکیہ اور سعودی عرب کے درمیان دفاعی معاہدے سے ایران کو کوئی خطرہ نہیں، ایران

پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب کے درمیان دفاعی معاہدے سے ایران کو کوئی خطرہ نہیں، امریکی سیکیورٹی کی ناکامی کے بعد خطے میں نئے دفاعی معاہدے ہو رہے ہیں

تیسری قوت مداخلت نہ کرے تو آبنائے ہرمز کو کھولا جاسکتا ہے، امریکا مشرق وسطیٰ میں عدم استحکام کا ذمہ دار ہے، ایرانی وزارت خارجہ

تہران (یو این اے) ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب کے درمیان دفاعی معاہدے سے ایران کو کوئی خطرہ نہیں ہے۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا کہ امریکی سیکیورٹی کی ناکامی کے بعد خطے میں نئے دفاعی معاہدے ہو رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ تیسری قوت مداخلت نہ کرے تو آبنائے ہرمز کو کھولا جاسکتا ہے، امریکا

بقیہ 26 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

پنجاب ہی نہیں دیگر صوبوں کے لوگوں کی خدمت کرنا چاہتی ہوں، مریم نواز

نواز شریف سکول آف ایمینینس میں داخلے کیلئے ہزاروں طلبا کی انٹری ٹیسٹ میں شرکت اعتماد کا ثبوت ہے، لوگ اب سرکاری سکول میں داخلوں کیلئے کوشاں نظر آتے ہیں

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے آکسفورڈ یونیورسٹی پریس پاکستان کے وفد نے ملاقات کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے آکسفورڈ یونیورسٹی پریس کی طرف سے محکمہ تعلیم پنجاب سے اشتراک کار کی پیشکش کا خیر مقدم کیا۔ ملاقات میں نواز شریف سکول آف ایمینینس میں آکسفورڈ یونیورسٹی پریس کے نصاب کا پائلٹ پراجیکٹ شروع کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ آکسفورڈ یونیورسٹی پریس وفد نے فروغ تعلیم کے لئے بھرپور تعاون کی پیشکش کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے آکسفورڈ یونیورسٹی پریس کے وفد نے معیار تعلیم کیلئے وزیراعلیٰ مریم نواز کے اقدامات کو سراہا۔ آکسفورڈ یونیورسٹی پریس وفد نے نواز شریف سکول آف ایمینینس کو قابل تحسین قرار دیا۔ ملاقات میں آکسفورڈ یونیورسٹی پریس ٹیچرز کے لئے ڈیجیٹل ٹریننگ پروگرام، کیپسٹی بلڈنگ، ٹیچنگ گائیڈ اور دیگر امور میں معاونت کرے گا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب ہی نہیں بلکہ سندھ اور دیگر صوبوں کے لوگوں کی بھی خدمت کرنا چاہتی ہوں۔ کراچی اور سندھ کے لوگوں کی پریشانی بھی دل سے

بقیہ 41 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر تھانہ نیو سریاب، تھانہ محمود الرحمٰن سریاب اور قاسم لائن کا دورہ کر رہے ہیں اس موقع پر ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ عمران شوکت بھی موجود ہیں

کوئٹہ، بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم اور خشک رہنے کا امکان

زیارت سب سے ٹھنڈا جبکہ سبی 45 ڈگری سینٹی گریڈ کے ساتھ گرم ترین علاقہ ریکارڈ

کوئٹہ (یو این اے) محکمہ موسمیات کے مطابق بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم اور خشک رہنے کا امکان ہے، جبکہ صوبے کے مختلف علاقوں میں درجہ حرارت میں نمایاں فرق ریکارڈ کیا گیا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق کوئٹہ میں زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 35، قلات میں 30، زیارت میں 24 اور ژوب میں 35 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ اسی طرح سبی میں درجہ حرارت 45، تربت میں 41، نوکنڈی میں 42 اور دالبندین میں 36 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ بلوچستان کے ساحلی علاقوں میں گوادر کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 33 جبکہ جیوانی میں 32 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ دنوں میں بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں موسم گرم اور خشک رہنے کا امکان ہے۔

کوئٹہ، بی اے پی کے سینئر اقلیتی رہنما و سابق وفاقی وزیر خلیل جارج ن لیگ میں شامل

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) پاکستان میں اقلیتی برادری کے حقوق کے تحفظ اور ان کی فلاح و بہبود کے لیے جدوجہد کر رہی ہے۔ اقلیتی برادری کو نمائندگی اور ان کے مسائل کے حل کو ترجیح دی جائے گی ... کے روز سابق وفاقی وزیر اور بلوچستان عوامی پارٹی (بی اے پی) سے تعلق رکھنے والے اقلیتی رہنما خلیل جارج کی پاکستان مسلم لیگ (ن) میں شمولیت کے موقع پر کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کی۔

پنجگور، ڈسٹرکٹ ٹیچنگ ہسپتال منتقل کی گئی پانچ لاشوں میں سے دو کی شناخت، تین نامعلوم

شناخت شدہ افراد کا تعلق پنجگور سے ہے، دیگر کی شناخت کے لیے پولیس کے اعلانات اور کارروائی جاری ہے

پنجگور (یو این اے) ڈسٹرکٹ ٹیچنگ ہسپتال پنجگور میں لائی گئی پانچ افراد کی لاشوں میں سے دو کی شناخت کر لی گئی، جبکہ تین لاشیں تاحال شناخت کی منتظر ہیں۔ ہسپتال انتظامیہ کے مطابق شناخت ہونے والوں میں حافظ مدثر ... شامل ہیں۔ دونوں افراد کا تعلق پنجگور کے مختلف علاقوں سے بتایا گیا ہے۔ انتظامیہ کے مطابق دیگر تین لاشوں کی تاحال شناخت نہیں ہو سکی۔ پولیس اور ہسپتال انتظامیہ کی جانب سے علاقے میں اعلانات کرائے گئے ہیں ... مزید معلومات اور شناخت کے لیے کارروائی جاری ہے۔

صحبت پور، ضلع بھر میں نیٹ ورک بندش سے آزادی کی خوشیاں پھیکی، طلبہ اور صحافی شدید مشکلات کا شکار

حالات کا بہانہ بنا کر سروس معطل کی گئی، وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی اور وزیر داخلہ ضیاء لانگو نوٹس لیں، سیاسی و سماجی حلقے

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور ضلع بھر میں حالات کا بہانہ بنا کر مختلف موبائل و انٹرنیٹ نیٹ ورکس کی سروس معطل کر دی گئی ہے، جس کے باعث یوم آزادی کا مزا پھیکا پڑ گیا ہے اور بالخصوص طلبہ اور صحافت سے وابستہ افراد کو شدید دشواری و پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ ضلع کے سیاسی و سماجی حلقوں نے انٹرنیٹ و موبائل سروس کی اچانک بندش پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے چیف آف بگٹی و وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور صوبائی وزیر داخلہ ضیاء اللہ لانگو سے اس صورتحال کا فوری نوٹس لینے اور نیٹ ورک سروسز کی بحالی کی اپیل کی ہے تاکہ شہریوں، طلبہ اور صحافیوں کی مشکلات کا خاتمہ ہو سکے۔

گنداخہ، یوم آزادی پر چیف آف جمالی اقوام سردار محمد ہارون خان جمالی کا خصوصی پیغام

آزادی عظیم نعمت ہے، وطن کی سلامتی اور خوشحالی کے لیے قومی اتحاد وقت کی اہم ضرورت ہے، سردار ہارون جمالی

گنداخہ (یو این اے) چیف آف جمالی اقوام سردار محمد ہارون خان جمالی نے کہا ہے کہ پاکستان ہمارا وطن ہے اور اس کی آزادی ہماری قومی پہچان اور سب سے بڑی نعمت ہے۔ یوم آزادی ہمیں اپنے اسلاف کی قربانیوں کو یاد کرنے اور وطن عزیز کی ترقی، سلامتی اور خوشحالی کے لیے نئے عزم کے ساتھ آگے بڑھنے کا درس دیتا ہے۔ 14 اگست یوم آزادی کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں انہوں نے کہا کہ پاکستان بڑی قربانیوں، جدوجہد اور لازوال عزم کے نتیجے میں حاصل ہوا، اس لیے ہمیں وطن عزیز کی آزادی، خودمختاری اور سالمیت کا تحفظ ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ ہمیں آزادی کی قدر کرتے ہوئے ملک کی تعمیر و ترقی میں اپنا مثبت کردار ادا کرنا چاہیے۔ چیف سردار محمد ہارون خان جمالی نے کہا کہ موجودہ حالات ہم سے قومی اتحاد، یکجہتی، برداشت اور باہمی احترام کا تقاضا کرتے ہیں۔ پاکستان کی مضبوطی اور استحکام کے لیے ضروری ہے کہ ہم ذاتی اور گروہی مفادات سے بالاتر ہو کر قومی مفاد کو ترجیح دیں اور ملک کی ترقی کے لیے اجتماعی کوششیں کریں۔

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کو سیکرٹری ایریگیشن محکمہ کی سالانہ پروگریس کے حوالے سے بریفنگ دے رہے ہیں

سنجاوی، کلی بغاو میں خالی پولیس چوکی بارودی مواد سے تباہ

سنجاوی (یو این اے) کلی بغاو کے علاقے میں مسلح افراد نے خالی پولیس چوکی کو بارودی مواد سے دھماکا کر کے تباہ کر دیا۔ ذرائع کے مطابق دھماکے کے وقت پولیس چوکی خالی تھی، جس کے باعث واقعے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ واقعے کے بعد سیکیورٹی اداروں نے علاقے میں کارروائی شروع کر دی جبکہ دھماکے کی نوعیت اور ملوث افراد سے متعلق مزید تحقیقات جاری ہیں۔ دھماکے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، پولیس چوکی خالی تھی۔

تربت، وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی اپنی وزارت اعلیٰ جاری رکھیں گے، تبدیلی کا امکان نہیں، میر اصغر رند

ڈھائی سالہ کارکردگی سے سو فیصد مطمئن نہیں لیکن مایوس بھی نہیں، کیچ کو نیا ضلع بنانا اعزاز ہے، پارلیمانی سیکرٹری

تربت (یو این اے) صوبائی پارلیمانی سیکرٹری بلوچستان میر اصغر رند نے کہا ہے کہ ان کی ذاتی رائے کے مطابق موجودہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اپنی وزارت اعلیٰ کا سلسلہ جاری رکھیں گے تاہم اس حوالے سے حتمی فیصلہ پارٹی قیادت ہی کرے گی اور وہ پارٹی کے فیصلے کے پابند ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کو درپیش مسائل اور چیلنجز بہت زیادہ ہیں اور صوبے کے تمام معاملات کو مکمل طور پر درست کہنا ... تاہم وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی اپنے طریقہ کار کے مطابق معاملات کو سنبھال رہے ہیں ... ان کے خیال میں مکمل حکومت کی تبدیلی کا امکان نہیں ہے۔ پارلیمانی سیکرٹری میر اصغر رند نے اپنی رہائشگاہ تربت میں میڈیا بریفنگ کے دوران اپنی ڈھائی سالہ کارکردگی کے حوالے سے کہا کہ سو فیصد مطمئن نہیں۔ تاہم مجموعی کارکردگی اور کی جانے والی کوششوں سے مایوس بھی نہیں ہیں ... بلوچستان اور دیگر دوستوں کے تعاون سے کیچ کو نیا ضلع بنانا ان کیلئے ایک بڑا اعزاز ہے ...

کوئٹہ، بدعنوانی اور مس کنڈکٹ پر القائم ایکٹنگ ڈی ایس پی راجہ غفور احمد معطل

کوئٹہ (یو این اے) سینٹرل پولیس آفس (سی پی او) بلوچستان کے جاری کردہ احکامات کے تحت پولیس ٹریننگ کالج (پی ٹی سی) کوئٹہ کے ایکٹنگ ڈی ایس پی راجہ غفور احمد (BS-15) کو سنگین بدعنوانی اور مس کنڈکٹ کی بنیاد پر فوری طور پر ملازمت سے معطل کر دیا گیا ہے۔ ڈی آئی جی پی ہیڈکوارٹرز حسن اسد علوی کی جانب سے انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان کے حکم پر جاری نوٹیفکیشن (نمبر 5540-48/16) کے مطابق معطل افسر راجہ غفور احمد کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ مزید احکامات تک فوری طور پر سی پی او کوئٹہ رپورٹ کریں۔

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع ملاقات کر رہے ہیں

وزیراعظم روشن پاکستان پروگرام سرٹیفکیٹ تقسیم تقریب کا انعقاد

نصیرآباد (اے این این) الہدیٰ پبلک اسکول، ڈیرہ مراد جمالی، ضلع نصیرآباد میں وزیراعظم روشن پاکستان پروگرام کے تحت One Each One Teach (EOTO) پروگرام کی سرٹیفکیٹ تقسیم تقریب منعقد کی گئی ... (Teachers Volunteers) ... (Learners Graduated) ... NCHD ... VCDNCHD ... NCHD ... NCHD EMIS ...

امام احمد رضا خان برصغیر کی دینی و علمی تاریخ کی ایک عظیم شخصیت تھے، ذوالفقار طارق

اسلام کی سربلندی کے لیے جو کردار ادا کیا وہ قیامت تک سنہرے حروف میں لکھے جائیں گے، بیان

کوئٹہ (اے این این) اہل سنت و جماعت کے رہنما فیضان اولیاء کے بانی ذوالفقار علی طارق قادری نے آستانہ عالیہ فیضان اولیاء میں حضرت امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ کے ایصال ثواب کے لیے محفل میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ برصغیر کی دینی و علمی تاریخ کی ایک عظیم شخصیت تھے، جنہوں نے کم عمری سے علم دین حاصل کر کے فقہ، حدیث، تفسیر، عقائد، تصنیف، تالیف اور نعتیہ ادب سمیت مختلف شعبوں میں نمایاں خدمات انجام دیں۔ ان کا کنز الایمان قرآن کریم کا معروف اردو ترجمہ، فتاویٰ رضویہ فقہی ذخیرے اور حدائق بخشش عشق رسول سے معمور نعتیہ کلام کی نمایاں مثال ہے ... عقیدت و احترام کے ساتھ یاد کی جاتی ہے ... اخلاص اور محبت رسول کا روشن پیغام ہے۔

عالمی و مقامی گولڈ مارکیٹس میں سونے کی قیمت میں مسلسل اضافہ

کراچی (این این آئی) عالمی و مقامی گولڈ مارکیٹس میں سونے کی قیمت میں مسلسل 5 ویں روز اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ آل پاکستان صرافہ ایسوسی ایشن کے مطابق 24 کیرٹ فی تولہ سونے کی قیمت میں 800 روپے کا اضافہ ہوا، جس کے بعد فی تولہ سونے کے دام 4 لاکھ 57 ہزار 336 روپے ہو گئے۔ 10 گرام سونے کی قیمت 685 روپے بڑھ کر 3 لاکھ 92 ہزار 109 روپے ہوگئی۔ فی تولہ چاندی کی قیمت 77 روپے کے اضافے سے 6903 روپے ہوگئی۔ 5 روز میں فی تولہ سونے کی قیمت 29 ہزار 400 روپے بڑھ چکی ہے، گزشتہ 4 روز میں سونے کی قیمت میں 28600 روپے فی تولہ اضافہ ہو چکا تھا۔ دوسری جانب عالمی مارکیٹ میں فی اونس سونے کی قیمت 8 ڈالر بڑھ کر 4349 ڈالر ہوگئی ہے۔

گرین پاکستان انیشیٹو کے تحت بلوچستان میں ہزاروں ایکڑ زمین قابل کاشت

قلعہ سیف اللہ اور سبی میں 3 ہزار 800 ایکڑ زمین قابل کاشت بنائی گئی، اس مقصد کیلئے 144 شمسی ٹیوب ویل بھی نصب

کوئٹہ (این این آئی) گرین پاکستان انیشیٹو (جی پی آئی) کے تحت بلوچستان میں زرعی ترقی اور مقامی زمینداروں کی خوشحالی کے لیے اہم منصوبے کامیابی سے مکمل کر لیے گئے ہیں جن کے نتیجے میں ہزاروں ایکڑ بنجر زمین کو قابل کاشت بنایا گیا ہے۔ گرین پاکستان انیشیٹو کے فیز ون کے تحت ژوب، قلعہ سیف اللہ اور سبی میں 3 ہزار 800 ایکڑ زمین قابل کاشت بنائی گئی جبکہ اس مقصد کیلئے 144 شمسی ٹیوب ویل بھی نصب کیے گئے ہیں۔ فیز ٹو کے تحت کوہلو، بارکھان، چمن، نوشکی، ڈیرہ بگٹی، ژوب، مستونگ ... کوئٹہ اور قلعہ سیف اللہ میں مزید 8 ہزار 481 ایکڑ زمین کو قابل کاشت بنایا گیا۔ نیٹرون اور فیز ٹو کے منصوبوں کے ذریعے مجموعی طور پر 12 ہزار 281 ایکڑ بنجر زمین کو زرعی مقاصد کے لیے قابل استعمال بنایا گیا، جس سے 288 مقامی زمیندار براہ راست مستفید ہوئے ہیں۔ ان زرعی اراضی پر گندم، کپاس اور مختلف اقسام کے باغات کی کاشت جاری ہے ...

پشاور ہائی کورٹ نے 2 درخواست گزار افغان صحافیوں کو ڈی پورٹ کرنے سے روک دیا

پشاور (این این آئی) پشاور ہائی کورٹ نے 2 درخواست گزار افغان صحافیوں کو ڈی پورٹ کرنے سے روک دیا، پیر کو عدالت نے فیصلے میں کہا کہ وفاقی حکومت 2 ماہ میں درخواست گزاروں کے کیس کا تعین کرے۔ درخواست گزار سید احسان اللہ صافی اور سید منیر احمد افغان صحافی ہیں۔ پشاور ہائی کورٹ نے کہا کہ درخواست گزار قانونی ویزے پر پاکستان آئے ہیں اور اس وقت پاکستان میں مقیم ہیں، درخواست گزاروں کے مطابق انہوں نے فرانس میں آباد کاری کے لیے درخواست دی ہے۔ فیصلے میں کہا گیا کہ درخواست گزاروں کے مطابق ان کی درخواستیں فی الحال زیر غور ہیں، فرانسیسی سفارت خانے نے درخواست گزاروں کے کیس میں پہلے ہی نوٹس دے دی ہے۔

دالبندین، ورلڈ بریسٹ فیڈنگ منتھ کے موقع پر آگاہی سیمینار و واک کا انعقاد

ماں کا دودھ بچے کی بہتر صحت اور نشوونما کے لیے ضروری ہے، اسلامی و طبی تعلیمات اہمیت کی ضامن ہیں، مقررین

دالبندین (یو این اے) دالبندین ورلڈ بریسٹ فیڈنگ منتھ کے موقع پر آگاہی سیمینار اور واک کا انعقاد کیا گیا ... ورلڈ بریسٹ فیڈنگ منتھ 2026 کے سلسلے میں ... مقررین نے کہا کہ ماں کا دودھ بچے کی صحت، نشوونما اور قوت مدافعت کے لیے انتہائی اہم ہے ... سیمینار کے بعد سوال و جواب کا سیشن منعقد کیا گیا۔

آٹے کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ، 50 کلو کا تھیلا 7 ہزار روپے سے تجاوز کر گیا

ایسٹ اور ویسٹ انتظامی تقسیم سے دفتری امور میں شدید مشکلات، پرائس کنٹرول اور آسان طریقہ کار کا مطالبہ

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ میں آٹے کی قیمتوں میں مسلسل اضافے نے شہریوں خصوصاً کم آمدن والے طبقے کی مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے، 50 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت 7 ہزار روپے سے تجاوز کر گئی ہے، جبکہ شہریوں نے گرانفروشی اور بڑھتی ہوئی قیمتوں پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت اور ضلعی انتظامیہ سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے ... پرائس کنٹرول میکنزم مؤثر دکھائی نہیں دے رہا، غریب اور متوسط طبقہ پہلے ہی مہنگائی کے باعث شدید مالی مشکلات کا شکار ہے ...

بقیہ 42 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

جیکب آباد میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ بدستور جاری، عوام کو مشکلات درپیش

غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور ٹرپنگ نے شہریوں کا جینا دوبھر کر دیا، کاروبار زندگی مفلوج

جیکب آباد (اے این این) جیکب آباد میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور ٹرپنگ نے شہریوں کا جینا دوبھر کر دیا، کاروبار زندگی مفلوج ہو کر رہ گیا۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد شہر کے مختلف علاقوں میں بجلی کی طویل اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے شدید گرمی میں شہریوں کی مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے، کئی علاقوں میں 12 سے 14 گھنٹے تک اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے علاوہ غیر اعلانیہ بجلی کی بندش اور بار بار ٹرپنگ کا سلسلہ بھی جاری ہے ...

جیکب آباد میں بوسٹر ڈوز مہم کا افتتاح کر لیا گیا

جیکب آباد (اے این این) جیکب آباد میں بوسٹر ڈوز مہم کا افتتاح کر لیا گیا ... ڈپٹی کمشنر جیکب آباد شہزادہ احمد ساہی نے ڈاکٹر ... کے ہمراہ ... مہم کا باقاعدہ افتتاح کر دیا ...

کوئٹہ، مسلم لیگ ن کے صوبائی جنرل سیکرٹری ایم این اے جمال شاہ کاکڑ جشن آزادی کے حوالے سے نکالی گئی ریلی کی قیادت کر رہے ہیں

تربت، رکن قومی اسمبلی حاجی ملک شاہ گورگیج و دیگر آفیسران عوامی کھلی کچہری میں لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

جیکب آباد میں سود خوری کا گھناونا دھندہ عروج پر پہنچ گیا

شہری اور سرکاری ملازمین سود خوروں کے شکنجے میں آ گئے، کئی خاندان تباہ

جیکب آباد (اے این این) جیکب آباد میں سود خوری کا گھناونا دھندہ عروج پر پہنچ گیا، شہری اور سرکاری ملازمین سود خوروں کے شکنجے میں آ گئے ...

موجودہ دور میں کسی ملک کو طاقت کے زور پر توڑنا آسان نہیں، ظہور بلیدی

بلوچستان کے نوجوانوں کو ورغلا کر ایک لاحاصل جنگ میں دھکیلا جا رہا ہے، جس کا سب سے بڑا نقصان خود نوجوانوں اور ان کے خاندانوں کو اٹھانا پڑ رہا ہے

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور احمد بلیدی نے دو ہفتے کے بعد آج دوبارہ اپنے حلقے کا دورہ کیا ... گورنمنٹ شہید ایوب ڈگری کالج بلیدہ میں تعلیمی کانفرنس میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی ...

بقیہ 43 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

نصیرآباد، الہدیٰ پبلک اسکول ڈیرہ مراد جمالی میں "ایچ ون ٹیچ ون" سرٹیفکیٹ تقسیم تقریب کا انعقاد

رضاکار اساتذہ اور گریجویٹ لرنرز کو سرٹیفکیٹس پیش، ناخواندگی کے خاتمے کی کاوشیں سراہی گئیں

نصیرآباد (یو این اے) وزیراعظم روشن پاکستان Each One Teach One پروگرام ... 10 اگست 2026 ... NCHD ... Each One Teach One (EOTO) ... (Volunteer) ... Teachers ... (Graduated Learners) ... One Teach One ...

کیسکو کی جانب سے بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیے کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں برقی لائنوں کی ضروری مرمت اور ترقیاتی کام کیے جا رہے ہیں۔ اس سلسلے میں 11 اگست کو ... 11 kv ... 11 kv ... صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے بجلی بند رہے گی ... دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند ہو گی۔

گوادر/پسنی: رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ سرمت شدہ ایمبولینس آر ایچ سی پسنی کے انچارج کے حوالے کر رہے ہیں، اس موقع پر ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ... بھی موجود ہیں

شیری رحمان کا پولنگ میں تاخیر، پولنگ ایجنٹس کو روکنے کا الزام

ایل اے 16 کے پولنگ اسٹیشن نمبر 61 جبکہ ایل اے 15 کے پولنگ اسٹیشن نمبر 7، 43 اور 144 پر بروقت پولنگ شروع نہ ہونا تشویشناک ہے

اسلام آباد (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کی نائب صدر سینیٹر شیری رحمان نے آزاد کشمیر میں پولنگ کے آغاز میں تاخیر اور پیپلز پارٹی کے پولنگ ایجنٹس کو بعض پولنگ اسٹیشنز میں داخلے سے روکنے پر شدید تحفظات کا اظہار کیا ہے ... ایل اے 16 کے پولنگ اسٹیشن نمبر 119 اور 120 ... ایل اے 15 کے پولنگ اسٹیشن نمبر 43، 87 اور 144 پر بروقت پولنگ شروع نہ ہونا تشویشناک ہے ...

مکہ معاہدہ مسلم دنیا کے اتحاد، امن و استحکام اور معاشی تعاون کی نئی بنیاد ثابت ہوگا، ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ بلوچستان

کوئٹہ (اے این این) ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ بلوچستان کے صدر حاجی محمد ایوب مریانی، سینئر نائب صدر حاجی اختر کاکڑ اور نائب صدر ... خان کاکڑ نے پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان مکہ مکرمہ میں ہونے والے تاریخی مشترکہ دفاعی معاہدے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے ...

جیکب آباد پولیس کی کارروائیاں، بھاری مقدار میں چرس برآمد

مقدمات میں ملوث روپوش ملزم سمیت 3 ملزمان کو گرفتار کر کے ڈیڑھ کلو سے زائد چرس برآمد کر لی

جیکب آباد (اے این این) جیکب آباد پولیس کی کارروائیاں، بھاری مقدار میں چرس برآمد، روپوش ملزم سمیت 3 گرفتار ... 1100 گرام چرس برآمد ... 440 گرام چرس برآمد ہوئی، ملزم کے خلاف تھانہ سول لائن میں مقدمہ درج کر لیا گیا۔

ناروے، پاکستان کے 79 ویں یوم آزادی کی مناسبت سے تقریب کا انعقاد

پاکستان یونین ناروے کی یوم پاکستان بارے مختلف تقریبات کا جائزہ لیتے ہوئے سابقہ کارکردگی رپورٹ بھی پیش

اوسلو (این این آئی) پاکستان یونین ناروے کے زیر اہتمام پاکستان کے 79 ویں یوم آزادی کی مناسبت سے تقریب کا انعقاد کیا گیا ...

جھڈیر شاخ کینال کے زمینداروں کا پانی کی عدم فراہمی کیخلاف احتجاجی مظاہرہ

جعفر آباد ٹیل کے لوگ پیاسے ہیں ہم ہر فورم پر آواز بلند کرتے رہیں گے، مقررین کا خطاب

فرید آباد (اے این این) جھڈیر شاخ کینال کے زمینداروں کا پانی کی عدم فراہمی کیخلاف احتجاجی مظاہرہ ...

مستونگ، کاریز عائشہ پڑنگ آباد میں مسلح افراد کی فائرنگ، ایک شخص جاں بحق

مستونگ (یو این اے) مستونگ میں ولی خان پولیس تھانہ کے حدود کاریز عائشہ پڑنگ آباد میں مسلح افراد نے فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں ایک شخص موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا ... لاش کو شہید نواب غوث بخش رئیسانی میموریل ہسپتال منتقل کر دیا گیا ... مقتول کی شناخت عبدالمالک کے نام سے ہوئی۔

ژوب، اساتذہ کی غیر حاضری اور مہنگی وردی کیخلاف طلبہ کا احتجاج، کوئٹہ قومی شاہراہ بلاک

انتظامیہ کی یقین دہانی اور کامیاب مذاکرات کے بعد دھرنا ختم، ٹریفک بحال ہیں، ذرائع

ژوب (یو این اے) گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری اسکول علی خان زئی کے درجنوں طلبا نے مبینہ طور پر اساتذہ کی غیر حاضری اور مہنگی وردی، کیپ اور بیجز کی فراہمی کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے کوئٹہ قومی شاہراہ بلاک کر دی ...

مسلم لیگ ن بھاری اکثریت سے آزاد کشمیر میں حکومت بنائیگی، رانا ثناء اللہ

منتخب حکومت جائز مطالبات پر ضرور نظرثانی کرے گی، آزاد کشمیر کے عوام کو ورغلانے والوں کو قانون کا سامنا کرنا پڑے گا

اسلام آباد (یو این اے) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) دو تہائی اکثریت سے آزاد کشمیر میں حکومت بنائے گی، دھرنا دینے والے آزاد کشمیر میں الیکشن نہیں روک سکے، دشمن کے ہاتھوں میں کھیلنے والوں کو قانون کا سامنا کرنا پڑے گا ...

بقیہ 44 صفحہ نمبر 3 ملاحظہ فرمائیں

کوئٹہ، راکل بولان کالج آف نرسنگ اینڈ ہیلتھ سائنسز کے دورے کے موقع پر سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ ... کالج کے مختلف شعبوں کا معائنہ کر رہے ہیں

وزارت اطلاعات ونشریات
حکومت پاکستان

MAKKAH JOINT DEFENCE AGREEMENT

مکہ باہمی دفاعی معاہدہ

امن
سلامتی
استحکام

آصف علی زرداری

صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان

میں مکہ مکرمہ میں تاریخی مکہ باہمی دفاعی معاہدے پر دستخط کا خیر مقدم کرتا ہوں۔ یہ تاریخی معاہدہ خطے اور اس کے اطراف میں امن، سلامتی اور استحکام کے فروغ میں ایک اہم کردار ادا کرے گا۔

میں اس اہم اقدام کو آگے بڑھانے پر وزیر اعظم محمد شہباز شریف اور چیف آف ڈیفنس فورسز، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، کی قیادت کو سراہتا ہوں۔ ان کی کاوشوں سے ہمارے دیرینہ برادرانہ تعلقات اور اسٹریٹجک شراکت داری کو مزید قریبی تعاون کے ایک مضبوط فریم ورک میں ڈھالنے میں مدد ملی ہے۔

مجھے یقین ہے کہ مکہ معاہدہ ہماری اسٹریٹجک شراکت داری میں ایک نئے باب کا آغاز کرے گا اور علاقائی امن و استحکام کے لیے ہماری مشترکہ کوششوں کو مزید تقویت دے گا۔



محمد شہباز شریف

وزیر اعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان

مجھے اپنے عزیز برادران، عزت مآب ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان اور عزت مآب صدر رجب طیب اردوان کے ہمراہ مکہ باہمی دفاعی معاہدے پر دستخط کرنے کا اعزاز حاصل ہوا۔

تین برادر ممالک، جو عقیدے، دوستی اور امن و سلامتی کے مشترکہ عزم کے رشتے میں بندھے ہوئے ہیں۔

اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہیں کہ حرمین شریفین کے سائے میں طے پانے والا یہ تاریخی معاہدہ آنے والی نسلوں کے لیے امن کی ڈھال ثابت ہو اور ہمارے تینوں برادر ممالک سمیت پوری امت کے لیے خوشحالی کا ذریعہ بنے۔

میں بالخصوص فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی انتھک کوششوں اور غیر معمولی لگن کو خراج تحسین پیش کرنا چاہتا ہوں، جن کی مخلصانہ کاوشوں نے اس عظیم مقصد کی تکمیل میں نہایت اہم کردار ادا کیا۔

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر

چیف آف آرمی سٹاف۔ چیف آف ڈیفنس فورسز

اقوام عالم نے اس بات کو تسلیم کیا کہ اس خطے میں پاکستان ایک ناقابلِ فراموش حقیقت اور ناقابلِ تسخیر طاقت ہے۔ گزشتہ سال کے دوران پاکستان کے قومی وقار میں بے مثال اضافہ ہوا جس کا اعتراف پوری دنیا کر رہی ہے۔ الحمد اللہ آج عالمی ایوانوں اور بین الاقوامی مجالس میں ہماری قیادت کو عزت اور تکریم کی نظر سے دیکھا جا رہا ہے۔ آج دنیا میں ہمارے دوستوں کی تعداد ماضی کے تمام ادوار سے کہیں زیادہ ہے

10 مئی 2026 کو جی ایچ کیو میں معرکہ حق (MeH) کی پہلی سالگرہ کے موقع پر چیف آف ڈیفنس فورسز (CDF) کا خطاب

خواجہ آصف

وزیر دفاع

میں پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے مابین مکہ جوائنٹ ڈیفنس ایگریمنٹ پر دستخط کا خیر مقدم کرتا ہوں۔ یہ معاہدہ ہمارے تینوں برادر ممالک کے درمیان اجتماعی سلامتی، دفاعی تعاون اور تزویراتی شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کی جانب ایک اہم پیش رفت ہے۔

یہ معاہدہ تینوں ممالک کے درمیان تاریخی برادرانہ تعلقات، اسلامی یکجہتی اور مشترکہ تزویراتی مفادات کا مظہر ہے۔

اسحاق ڈار

نائب وزیر اعظم / وزیر خارجہ

میں پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان "مکہ باہمی دفاعی معاہدے" پر دستخط کے موقع پر پوری قوم کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ یہ تاریخی معاہدہ ہمارے برادرانہ تعلقات کی گہرائی، مشترکہ اقدار اور امن، سلامتی اور استحکام کے لیے ہمارے مشترکہ عزم کا مظہر ہے۔ میں واضح کرنا چاہتا ہوں کہ مکہ معاہدہ دفاعی نوعیت کا ہے اور کسی بھی ملک کے خلاف نہیں۔ اس کا مقصد بیرونی جارحیت کے خلاف اجتماعی دفاعی صلاحیت اور رد جارحیت کی قوت کو مضبوط بنانا، نیز دینی خود مختاری، علاقائی سالمیت اور اپنے عوام کے دفاع کی صلاحیت کو مزید مستحکم کرنا ہے۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی قیادت میں چیف آف ڈیفنس فورسز، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، اور دفتر خارجہ پاکستان نے اس تاریخی مکہ معاہدے کو عملی جامہ پہنانے میں کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ پاکستان کے قومی مفادات کے تحفظ اور سعودی عرب اور ترکیہ کے ساتھ ہماری اسٹریٹجک شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے لیے ان کی قیادت اور بصیرت قابلِ تحسین ہے۔

ایک پر حملہ تینوں پر حملہ تصور ہوگا

تین برادر ممالک
ایک مشترکہ ڈھال

ایمان سے جڑے
دوستی سے بندھے
امن کے لیے پرعزم

امن، سلامتی اور استحکام
کے لیے ہمارا عزم
غیر متزلزل ہے

اپنی عوام کے لیے متحد
اپنے خطے کے لیے متحد
اپنے مستقبل کے لیے متحد

گزشتہ دو روز سے "مکہ باہمی دفاعی معاہدے" (میثاقِ مکہ) کے حوالے سے جاری بحث اور عوامی دلچسپی کے تناظر میں، اس معاہدے سے متعلق درج ذیل پس منظر اور وضاحت سب کے لیے مفید ہو سکتی ہیں

مکہ باہمی دفاعی معاہدہ، جس پر پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ نے مشترکہ طور پر جمعہ، 7 اگست 2026ء کو مکہ مکرمہ میں دستخط کیے، تینوں ممالک کی قیادت اور عوام کے درمیان گہرے برادرانہ تعلقات کا مظہر ہے۔

میثاقِ مکہ کئی برسوں پر محیط مشاورت، تبادلۂ خیال اور باہمی رابطہ کاری کا ثمر ہے۔ اس کی بنیاد امن و سلامتی کے کثیر الجہتی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے تعاون کو مزید مستحکم کرنے اور خطے میں امن، استحکام اور خوشحالی کے فروغ کی مشترکہ خواہش پر قائم ہے۔

میثاقِ مکہ تینوں ممالک کے مابین، یا ان کے دیگر ممالک اور عالمی و علاقائی تنظیموں کے ساتھ موجود کسی دوطرفہ یا کثیر الجہتی معاہدے کو نہ منسوخ کرتا ہے اور نہ ہی اس کی جگہ لیتا ہے۔

تینوں ممالک میں سے کسی ایک کے خلاف کسی بیرونی قوت کا مسلح حملہ، سب کے خلاف حملہ تصور کیا جائے گا۔ یہ اصول اقوام متحدہ کے منشور کے آرٹیکل 51 کے تحت انفرادی اور اجتماعی حقِ دفاع سے مکمل مطابقت رکھتا ہے۔

میثاقِ مکہ خالصتاً دفاعی نوعیت کا معاہدہ ہے۔ یہ کسی ملک کے خلاف نہیں، بلکہ اس کا واحد مقصد وسیع تر خطے میں امن، استحکام اور خوشحالی کے لیے جاری مشترکہ کوششوں کو مزید تقویت دینا ہے۔

میثاقِ مکہ خطے کے ہر اُس ملک کے لیے کھلا ہے جو اس کے بنیادی اصولوں کی پاسداری اور باہمی اختلافات کو احترام، تعاون اور پُرامن ذرائع سے حل کرنے کا عزم رکھتا ہو۔

میثاقِ مکہ پاکستان کی خارجہ پالیسی کے بنیادی اصولوں سے پوری طرح ہم آہنگ ہے۔ پاکستان خطے میں دیرپا امن و استحکام کے لیے تمام برادر ممالک کے ساتھ قریبی تعاون جاری رکھنے کا خواہاں ہے۔ ہم تمام تنازعات کے پُرامن حل کی کوششوں کو آگے بڑھانے اور اپنے عوام کے لیے زیادہ محفوظ، مستحکم اور خوشحال مستقبل کی تعمیر کے عزم پر ثابت قدم ہیں۔

> ہم خطے میں امن، سلامتی اور استحکام کیلئے متحد ہیں۔ یہ تاریخی معاہدہ ہماری خودمختاری کے تحفظ، اپنی عوام کے دفاع اور پوری امت کیلئے فلاح، امن اور خوشحالی کا پیش خیمہ ثابت ہوگا۔

TENDER NOTICE

TSE-2627081160723 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Chief Officer District Council Musakhail invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 2000 PKR and Bid Security 3%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	PROVISION AND INSTALLATION OF HOME SOLAR SYSTEMS AT VARIOUS UNION COUNCILS DISTRICT MUSAKHAIL	71,317,937

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 3 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 49,922,555 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-4 and above (Upto 200 million) In Relevant Category And Specialized Code is EE11(I) (Solar), EE11(ii) (Solar Energy), EE11(iii) (Solar Energy system), EE11(iv) (General Operational Works only), EE11(vi) (General Electrical Works Only), EE11(vi) (Solar Installation). The bidders are required to provide CDR, Green challan and BPPRA Deposit slip in original Submit a Rs.100 stamp affidavit (attested by 1st class magistrate) with TSE number and work title, confirming all bid information is accurate. Forged or false data will lead to blacklisting and forfeiture of the guarantee or deposit. Submit a Rs.100 stamp Power of Attorney (attested by 1st class magistrate) with TSE number and work title for written confirmation at time of bid submission authorizing a person (with Name & CNIC #) to submit the Bid. **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 3 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 27 August, 2026till 09:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 10:00 AM on EPPS System Address: Chief Officer District Council Musakhail Phone no: 3367863245 Email: chiefofficermusakhail@gmail.com

DAB/AB No.184/10-8-2026

**CHIEF OFFICER
DISTRICT COUNCIL
MUSAKHAIL**

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE INVITING TENDER

TSE No. 2627081156572 The Directorate General of Fisheries, Government of Balochistan, invites electronic bids from eligible bidders for procurement of the following services under the Balochistan Public Procurement Rules, 2014:

S#	Class of Object / Services	Tender Fee	Bid Security	Procedure
1	Engineering and Research and Technology Based Services (Customized Software Development - 01 Item)	Not Required	2%	Single Stage Two Envelope

Eligibility Requirements At least five (05) assignments of similar nature and complexity. Turnover of at least PKR 25,000,000 during the five preceding years. Active Taxpayer List status, valid Balochistan Revenue Authority (BRA) registration, and Pakistan Software Export Board (PSEB) registration. Audited accounts, certified by a Chartered Accountant, for FY 2020-21, 2021-22, 2022-23, 2023-24 and 2024-25. Local office with field and support staff for service, support and maintenance. Successful completion of five (05) customized software-development assignments in the public sector during the last three (03) years. The bidder must not be blacklisted by any procuring agency in Pakistan and must undertake to complete the contract within the stipulated period after issuance of the work order. **Bid Submission and Opening Bidding documents:** Available electronically at www.bppra.gob.pk. **Bid security:** 2% of the bid value, in the form of a bank guarantee or deposit at call, in the name of the undersigned, issued by a scheduled bank. **Submission deadline:** 25 August 2026 at 12:30 PM through the supplier dashboard on the BPPRA Electronic Public Procurement System (EPPS). **Bid opening:** 25 August 2026 at 1:30 PM on the EPPS system.

IMPORTANT: Only electronic bids shall be submitted; no physical bid is required. Bidders must be registered on the BPPRA EPPS.

DPRQ/PRQ No.714/10-08-2026

**DIRECTOR GENERAL FISHERIES
Directorate General of Fisheries,
Quetta**

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE FOR INVITING PRE QUALIFICATION

The Government of Balochistan has been provided funds to finance the cost of the following Schemes, for the Year 2026 based

S. No	TSE Number	Name of Work	Estimated Cost	Last Date and Time of Bid Submission	Tender Opening
1	TSE-2627081160654	Feasibility Study of the Command Areas of the Dams	Rs. 285,000,000/-	26 August, 2026 12:30 PM	01:30 PM

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014 Amended up to date. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents **Bidding Procedure:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Tender Documents:** The Bidding document can be downloaded from www.bppra.gob.pk (free of cost) and the same can also be obtained from the office of the under-signed upon payment of prescribed tender fee. Address: B-PPRA EPPS SYSTEM Office Address & for corresponding: Office of The Executive Engineer Irrigation Division Quetta.

DPRQ/PRQ No.716/10-08-2026

**EXECUTIVE ENGINEER,
IRRIGATION DIVISION
QUETTA.**

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan